21 جون2013ء

مالی سال13ء کے گیارہ ماہ کے دوران
جاری کردہ زرعی قرضے15.49 فیصد بڑھ کر294.53 ارب روپے تک پہنچ گئے

رواں مالی سال (13-2012ء) کے گیارہ ماہ (جولائی تا مئی مالی سال13ء) کے دوران بینکوں کی جانب سے جاری کردہ زرعی قرضوں میں 15.49 فیصد کا سال بسال اضافہ ہوااور وہ بڑھ کر 294.53 ارب روپے تک جا پہنچے۔ مطلق (absolute) اعتبار سے جولائی تا مئی مالی سال13ء میں زرعی شعبے کو جاری کردہ قرضوں میں 39.51 ارب روپے کا اضافہ ہوا جبکہ پچھلے سال کی اسی مدت میں مجموعی طور پر 255.02 ارب روپے کے قرضے جاری کیے گئے تھے۔

پانچ بڑے کمرشل بینکوں بشمول الائیڈ بینک لمیٹڈ، حبیب بینک لمیٹڈ، ایم سی بی بینک لمیٹڈ، نیشنل بینک آف پاکستان اور یونائیٹڈ بینک لمیٹڈ نے مجموعی طور پر 156.98 ارب روپے کے قرضے جاری کیے جبکہ جولائی تا مئی م س12ء میں 132.38 ارب روپے کے قرضوں کا اجرا ہوا تھا، اس طرح 18.58 فیصد کا اضافہ ہوا۔

جولائی تا مئی مالی سال13ء کے دوران سب سے بڑے اسپیشلائزڈ بینک زرعی ترقیاتی بینک لمیٹڈ (ZTBL) نے 54.18 ارب روپے کے قرضے جاری کیے جبکہ پچھلے سال کی اسی مدت میں 54.17 ارب روپے کے قرضے جاری کیے گئے تھے۔ پنجاب پراونشل کوآپریٹو بینک لمیٹڈ (PPCBL) نے جولائی تا مئی مالی سال13ء کے دوران 6.04 ارب روپے کے قرضے جاری کیے جبکہ گذشتہ سال کی اسی مدت میں 6.82 ارب روپے کے قرضوں کا اجرا ہوا تھا۔

14 ملکی نجی بینکوں نے بھی جولائی تا مئی م س13ء کے دوران مجموعی طور پر 61.87 ارب روپے کے قرضے دیے جبکہ پچھلے سال کی اسی مدت میں 51.67 ارب روپے کے قرضے فراہم کیے گئے تھے۔

پانچ مائیکروفنانس بینکوں بشمول خوشحالی بینک لمیٹڈ، این آر ایس پی مائیکروفنانس بینک لمیٹڈ، دی فرسٹ مائیکروفنانس بینک لمیٹڈ، پاک عمان مائیکروفنانس بینک لمیٹڈ، اور تعمیر مائیکروفنانس بینک لمیٹڈ نے جولائی تا مئی مالی سال13ء کے دوران 15.45 ارب روپے کے زرعی قرضے جاری کیے جبکہ گذشتہ مالی سال کے اسی عرصے کے دوران 9.96 ارب روپے کے زرعی قرضے جاری کیے گئے تھے۔

واضح رہے کہ اسٹیٹ بینک نے بینکوں کے لیے رواں مالی سال میں زرعی قرضوں کے اجرا کا علامتی ہدف 315 ارب روپے مقرر کیا ہے۔

☆☆☆